# 25-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ ملک کی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے۔اس موقع پر معیار پر توجہ دینے پر دیا زور۔

۲۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت کا خاندانی نظام،تہواراور رضا کارانہ خدمات ودیگر شعبوں میں دنیا کیلئے ایک مثالی ثابت ہورہی ہے۔

۳۔کشن ریڈی نے کہا کہ سنگارینی ادارہ کے تحفظ کے لئے اقدامات ضروری ہیں اوراس مقصد کیلئے ادارے کے قوانین میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔

اور

۴۔مرکزی حکومت نے پدما شری اورراشٹر پتی ایوارڈ کا کیا اعلان۔

Startup India Quality

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ ہندوستان دنیا بھرمیں تیسرے بڑے اسٹارٹ اَپ ماحولیاتی نظام کے طور پر ابھرا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، نیوکلیئر طاقت،خلاء،سیمی کنڈکٹر،موبالیٹی، گرین ہائیڈروجن، بائیوٹکنالوجی جیسے مختلف شعبوں میں یہ اسٹارٹ اَپ ملک کی ترقی کو ظاہر کررہے ہیں۔وزیراعظم مودی نے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں اپنے خیالات کوعوام کے سامنے پیش کیا۔من کی بات کا130 واں ایڈیشن آج آکاش وانی میں نشر کیا گیا۔اِس موقع پروزیراعظم نے کہا کہ ملک کی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے۔دنیا ہماری طرف دیکھ رہی ہے۔اس موقع پر معیار پر توجہ دینے پر زور دیا۔

Sound Byte MKB - Startup India Quality

Kishan Reddy

مرکزی وزیر برائے کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا کہ سنگارینی ادارہ کے تحفظ کے لئے اقدامات ضروری ہیں اوراس مقصد کے لیے ادارے کے قوانین میں تبدیلیاں کی جائیں گی۔انھوں نے کہا کہ کوئل انڈیا اور سنگارینی کے منافع کوحکومت انہی اداروں کی ترقی کے لیے خرچ کر رہی ہے۔کشن ریڈی نے یقین دہانی کرائی کہ سنگارینی کومرکز کی جانب سے مکمل تعاون حاصل رہے گا۔کشن ریڈی نے آج کوئلہ کانکنی کے مزدوروں کے ساتھ ایک پروگرام منعقد کیا۔اس موقع پرانھوں نے کہا کہ سنگارینی ادارہ کے ذریعہ 25 لاکھ خاندان راست اور بالراست طور پر فائدا ٹھار رہے ہیں۔انھوں نے مزدوروں سے اپیل کی کہ وہ لگن اور جستجو کے ساتھ کام کرتے ہوئے ادارہ کو آگے بڑھائیں۔انھوں نے کہا کہ ملازمت کوصرف روزگار نہیں بلکہ ملک کی خدمت کے طور پر دیکھنا چاہئے۔

Sound Byte Kishan Reddy

Gujarati Food

وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں کئی نادراور قابل واقعات دیکھنے کو ملتے ہیں۔انھوں نے گجرات کے بچراجی علاقہ کے چندنکی گاؤں میں اجتماعی کھانے کی روایت کا ذکر کیا۔انھوں نے بتایا کہ اس گاؤں میں خاص طور پر بزرگ افراد اپنے گھروں میں کھانا نہیں پکاتے بلکہ گاؤں کی سماجی باورچی خانے میں سب کے لیے کھانے کا انتظام کیا جاتا ہے۔گزشتہ 15 برسوں سے جاری اس روایت کے تحت گاؤں کے تمام لوگ اکٹھا کھانا کھاتے ہیں،جس سے آپسی خوشی اور بھائی چارہ فروغ پا رہا ہے۔

Sound Byte Gujarati Food

Cleanliness

وزیراعظم نے کہا کہ من کی بات پروگرام میں صاف ستھرائی پر مسلسل ہونے والی گفتگو کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام، خاص طور پرنوجوان، عوامی مقامات پر کچرا صاف کرنے میں سرگرم کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے اروناچل پردیش کے ایٹانگر میں نوجوانوں کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہاں نوجوانوں نے 11 لاکھ کلوگرام کچرا صاف کیا ہے۔وزیراعظم نے مزید کہا کہ آسام کے ساتھ ساتھ چینائی، بنگلوروااور دیگر شہروں میں بھی لوگ رضا کارانہ طور پر صفائی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

Sound Byte itanagar

Voluntary organizations

وزیراعظم نے کہا کہ ملک میں کئی تنظیمیں دہائیوں سے سماجی خدمات انجام دے رہی ہیں۔انہوں نے مغربی بنگال کے پریدپور میں واقع ویویکانندلوک شکشانیکیتن کوان میں سے ایک قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ گزشتہ چار دہائیوں سے بچوں اور بزرگوں کی دیکھ بھال کے ساتھ ساتھ گُرکل نظام کومضبوط بنانے کے لئے کام کررہا ہے۔وزیراعظم نے عوام سے اپیل کی کہ ایسی بےلوث تنظیموں سے ترغیب لیں اوران کا بھرپور ساتھ دیں۔

Sound Byte  Lok Shiksha Niketan

Indian Festival

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ دنیا بھر میں ہمارے تہوار ایک اہم کردار ادا کررہے ہیں۔دنیا کے ملکوں میں ہندوستانی تہواروں کوخوشی کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اِس معاملہ میں ملیشیاء آگے ہے وہاں پر پانچ سو سے زائد ٹامل اسکول قائم ہیں۔ٹامل اور تلگو کے علاوہ مختلف ہندوستانی زبانوں کی وہاں تعلیم دی جاتی ہے۔

Sound Festival Our Festival

family system

وزیراعظم نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کا خاندانی نظام پوری دنیا کے لئے ایک مثال ہے اور غیر ملکی اسے بے حد احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسی ترغیب سے متحدہ عرب امارات نے اس سال کو خاندانی سال کے طور پر منانے کا اعلان کیا ہے۔ اسی ضمن میں یو اے ای کے صدر شیخ محمد بن زید نے واضح کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شیخ محمد بن زاید نے ان سے کہا کہ عوامی رشتوں کو مضبوط بنانے میں ہندوستان دنیا کیلئے ایک مثال ہے۔

Sound Byte - family system

Padma Awards

یوم جمہوریہ کے پیش نظر مرکزی حکومت نے پدما ایوارڈس کا اعلان کیا ہے۔ ملک میں مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والے 54 شخصیتوں کو پدما شری ایوارڈ کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔ اِس میں تلنگانہ سے مویشی اور ڈیری صنعت تعلق رکھنے والے مامیڑی راما ریڈی اور سی ایم بی کے سائنس داں کمارا سوامی تنگا راجولو، پدما شری کیلئے منتخب ہوئے ہیں جبکہ ادب اور تعلیم کے میدان میں کرناٹک سے تعلق رکھنے والے اَنکے گوڑا جبکہ طبی میدان میں مہاراشٹرا سے تعلق رکھنے والے ارمیڈا فرنانڈیز اور کھیلوں کے شعبہ سے مدھیہ پردیش سے تعلق رکھنے والے بھگواداس رائیکوار اور سماجی خدمات کیلئے چھتیس گڑھ سے تعلق رکھنے والے بدری تاتی، جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے بجلال بٹ پدما ایوارڈ کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔

Rashtrapati Award

یوم جمہوریہ کے موقع پر مرکزی حکومت نے راشٹر پتی ایوارڈس کا اعلان کیا۔ دونوں تلگو ریاستوں سے تعلق رکھنے والے چار پولیس ملازمین اِس ایوارڈ کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔ تلنگانہ سے ایڈیشنل ایس پی جی

ایس پرکاش راؤاورایس آئی دامودھر ریڈی، راشٹر پتی ایوارڈ کیلئے منتخب ہوئے ہیں جبکہ ہیڈ کانسٹبل مری وینکٹ ریڈی گیا لینٹری ایوارڈ کیلئے منتخب ہوئے ہیں اور آندھرا پردیش سے تعلق رکھنے والے اے ایس پی آرایم کے تروملا چاری راشٹر پتی ایوارڈ کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔

Nampally fire accident

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد کے نامپلی میں آگ لگنے کے واقعہ میں ہلاک افراد کے خاندانوں کو پانچ لاکھ روپے امداد دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ فرنیچر کے شاپ میں پیش آنے والی اس حادثہ کی وجہ شاپ کے مالک کی لاپرواہی شامل ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی۔ انہوں نے کہا کہ شاپ کے مالک کو پولیس اپنی حراست میں لے چکی ہے۔ ریاستی وزیر نے ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ یاد رہے کہ کل شام پیش آئے آگ لگنے کے حادثہ میں پانچ لوگوں کی موت ہوئی ہے۔

Medaram

میڈارم جاترا کے ضمن میں محکمہ صحت کی جانب سے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ 24 گھنٹے طبی خدمات کی فراہمی کیلئے جاترا کے اہم پلیٹ فارم کے قریب پچاس بستروں والا ایک سوپر اسپیشالٹی ہاسپٹل اور 30 مقامات پر خصوصی طبی کیمپ منعقد کرنے کا حکومت نے اعلان کیا۔ اِس کے لئے پانچ ہزار 190 طبی عملہ کو مقرر کیا گیا ہے۔ جاترا کے اختتام کے بعد بھی مقامی قبائلی افراد کو صحت کے مسائل درپیش نہ آنے کیلئے دس طبی کیمپ جاری رکھنے کا اعلان کیا گیا۔

OO